سرگرمیوں میں پیش رفت ہو رہی ہے چنانچہ اخباری اطلاعات کے مطابق فروری ۹۳ء کے دوران اسلام آباد میں ایک بین الاقوامی سائنس کانفرنس کے انعقاد کی تجویز طے پاچکی ہے جس کے داعی ڈاکٹر عبدالسلام ہوں گے اور جس میں تیسری دنیا کے سربراھان مملکت بھی شریک ہوں گے اخباری اطلاعات کے مطابق اسی سلسلہ میں پاکستان کے وزیر اعظم میاں محمد نواز شریف کے ساتھ ڈاکٹر عبدالسلام کی ملاقات ہو چکی ہے اور برمنگھم یونیورسٹی کے پروفیسر ڈاکٹر سعید اختر درانی' ڈاکٹر عبدالسلام کے نمائندہ کی حیثیت سے چین اور جاپان کا دورہ کر چکے ہیں۔

ھمیں اس بارے میں ذرہ بھر شبہ نہیں کہ "یہ بین الاقوامی سائنس کانفرنس" مسلمان ممالک کی سائنسی سرگرمیوں کو سبوتاژ کرنے اور ڈاکٹر عبدالسلام کو عالم اسلام پر مسلط کرنے کی سازش ہے اور ہمیں یہ بھی یقین ہے کہ امریکہ بہادر کے زیر اثر مسلم دارالحکومتوں کے لیے اس میں شرکت اور اس کی کامیابی کے لیے تعاون کے سوا کوئی چارہ کار نہیں ہوگا لیکن ہم یہ بھی جانتے ہیں کہ پاکستان کی رائے عامہ ڈاکٹر عبدالسلام کے پس منظر اور سامراجی ایجنٹ کے طور پر قادیانی گروہ کے کردار سے ناواقف نہیں ہے اس لیے دینی حلقے اگر اس سلسلہ میں رائے عامہ کو بیدار اور منظم کرنے کے لیے ابھی سے سرگرم عمل ہوجائیں تو اس سازش کو ناکام بنانا کچھ زیادہ مشکل کام نہیں ہے ہمیں امید ہے کہ پاکستان کی دینی جماعتیں اور محب وطن سیاسی حلقے اس حوالہ سے اپنا کردار بروقت ادا کرنے میں کوتاہی نہیں کریں گے۔

اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیۡہِ رَاجِعُوۡنَ

مجلس احرار اسلام اور تحریک آزادی کے نامور کارکن اور پاکستان کے مشہور مؤرخ جناب جانباز مرزا گزشتہ دنوں انتقال کر گئے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم حضرت سیّد عطاء اللہ شاہ بخاری کے خاص رفیق اور متعدد تاریخی کتب کے مصنّف تھے۔ انھوں نے متعدد بار قید وبند کی صعوبتیں بھی برداشت کیں انکی علمی و دینی خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔

مدرسہ نصرۃ العلوم کے مدرسین قاری محمد عبداللہ صاحب کے فرزند اور قاری عبیداللہ عامر کے جواں سال چھوٹے بھائی ضیاء اللہ عابد بھی ٹریفک کے حادثہ میں انتقال کر گئے۔

ادارہ مرحومین کے پسماندگان کے غم میں برابر کا شریک ہے اور دعاگو ہے کہ اللہ مرحومین کی مغفرت فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین یاالٰہ العالمین۔